٦- نامه بمادر

تمہید : ماں اور اولاد کے درمیان محبت بالکل فطری ہے۔ماں کی شخصیت بچے کے لیے ایک نعمت اور رحمت سے کم نہیں۔ماں اپنے بے بس و مجبور بچے کو دودھ پلاتی ہے، اسے نہلاتی دھلاتی ہے اور اس کی دیکھ بھال کرتی ہے۔لیکن یہ بھی اتنا ہی سچ ہے کہ ماں اور اولاد میں اکثر جدائی بھی ہوجاتی ہے۔موجودہ زمانہ تعلیم کا زمانہ ہے۔لڑکوں کو اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے شہر چھوڑنا ہی پڑتا ہے۔شاعر نے اسی حقیقت کا فائدہ اُٹھاتے ہوئے اس نظم کی تخلیق کی ہے۔ماں کو شکایت ہے کہ سفر اختیار کرنے کے بعد بیٹا اسے بھول گیا ہے جبکہ واقعہ صرف اتنا ہے کہ بیٹے کا خط قدرے دیر سے پہنچا۔اسی سبب ماں بے چین ہوگئی اور بیٹے سے شکایت کرنے لگی۔اس سے ماں کی محبت کا اظہار ہوتا ہے۔یہ نظم بہت رواں اور متاثر کن ہے۔

تعارفِ شاعر: محمد حسین علی آبادی ۱۹۰۹ء میں تہران میں پیدا ہوئے۔تہران ہی میں تعلیم حاصل کی۔۱۹۳۲ء میں فرانس جا کر پیرس یونیورسٹی میں تعلیم کا سلسلہ جاری رکھا اور مختلف علوم میں مہارت حاصل کی۔انھوں نے حقوقِ انسانی کے میدان میں بڑی خدمات انجام دیں۔۱۹۹۸ء میں ۸۷ سال کی عمر میں تہران میں ان کا انتقال ہوا۔

ای نگهدارِ من و سروَرِ من   ای خداوندِ من ای مادرِ من
نامه‌ات آمد و گریانم کرد   گِلـه هـای تو پریشانم کرد
اندکی نامهٔ من دیر رسید   وز تو صد نالهٔ دلگیر رسید
ناله کم کُن که ندارد اسفی   گـر بمیرد پِسَرِ ناخلفی
بگمانت که چو رفتم به سفر   کردم از مادرِ خود صرفِ نظر؟
آتشِ اُلفتِ دیرین شد سرد   پسرت رفت و فراموشت کرد؟
بی تو نزدم همه دنیا هیچ است   بازی و رقص و تماشا هیچ است
نامه گر دیر رسد حوصله کُن   زمن از بهر خدا کم گِله کن

که بجان از غمِ تو سوخته ام
وز تو نازك دلی آموخته ام

(محمد حسین علی آبادی)

خلاصه در فارسی : پسری نامهٔ مادرِ خویش می یابد۔ دراین نامه مادر شکایت کرد که پسر او را فراموش کرده است۔ این نظم جوابِ پسر به مادر است۔ پسر مادرِ مهربان را نگهدار و سرور و خداوندِ خود می گوید۔ او گوید که بعد از یافتنِ نامهٔ تو مَن پریشان شده ام و گریان می کنم۔ نامهٔ من دیر رسید از این سبب تو دلگیر هستی۔ پسر مادر را نصیحت می کند که ناله مکن که چون پسرِ ناخلفی بمیرد،

تاسّف نباید کرد۔ تو گمان می کنی که من از طرفِ تو صَرفِ نظر کرده اَم و ترا فراموش کرده ام۔ او می گوید : ای مادرِ من ! بی تو بازی و رقص و تماشا کجا ، همه دنیا در نظر من هیچ است۔ چون نامهٔ من دیر رسد بد گمان مشو و گِله مکن که از غمِ تو جانِ من سوخته است۔ این نازك دلی من از تو آموخته ام۔

خلاصہ (اُردو) : ایک بیٹے کو ماں کا خط ملا جس کے جواب میں یہ منظوم خط لکھا گیا ہے۔ وہ لکھتا ہے کہ اے مادرِ مہربان! تیرے خط نے مجھے رُلا دیا اور تیرے گلے شکووں نے مجھے بے چین کر دیا۔ میرا خط دیر سے پہنچنے کی وجہ سے تو سمجھتی ہے کہ تجھ سے دور رہ کر میں تجھے بھول گیا ہوں اور تیری محبت میرے دل سے نکل گئی ہے۔ ایسا نہیں ہے۔ بلکہ تیرے بغیر میری نظر میں ساری دنیا کی کوئی حیثیت نہیں۔ میرا خط دیر سے ملے تو صبر کر اور خدا کے لیے شکایت نہ کر کہ میں خود تیری جدائی میں تڑپ رہا ہوں کیونکہ میں نے یہ نازک دلی تجھی سے سیکھی ہے۔

فرهنگ (Glossary)

نگهدار	دیکھ بھال کرنے والا	Guardian
سَروَر	رہبر، رہنما	Leader, chief
نامه ات	تیرا خط	Your letter
گِریه	رونا	Weep
اندك	کم	Little, few
دلگیر	اُداس	Sad
ناله	فریاد، رونا	Lamentation
اسفی	افسوس	Sorrow
ناخلف	نافرمان	Disobedient
صرفِ نظر	نظرانداز	Waiving
آتشِ اُلفت	محبت کی آگ	Fire of love
دیرین	طویل عرصے سے	Prolong
بی تُو	تیرے بغیر	Without you
هیچ	معمولی، بے وقعت	Nothing, insignificant
بازی	کھیل	Play, game
تماشا	کھیل، تفریح	Entertainment
سوختن	جلنا	To burn
آموختن	سیکھنا	To learn

Exercise / پرسش

۱۔ قوس میں دیے ہوئے مناسب الفاظ سے مصرعے مکمل کیجیے۔

Complete the lines by choosing correct alternative from the bracket.

۱۔ نامه ات آمد و .... کرد (بریانم / گریانم)

۲۔ وز تو .... دلگیر برسید (برناله / صد ناله)

۳۔ بی تو .... همه دنیا هیچ است (نزدم / کردم)

۴۔ ز من از بهر خدا کم .... کن (صِله / گِله)

۲۔ نظم سے زیرِ اضافت کی مثالیں تلاش کر کے لکھیے۔ Find examples of zer-e-izafat from the poem.

۳۔ درج ذیل معمہ حل کیجیے۔ Solve the following crossword.

د			
گ			
ر		ر	س

۴۔ مندرجہ ذیل الفاظ کی فارسی ضد لکھیے۔ Write Persian antonyms of the following words.

گریه ، فراموش ، کَم ، اُلفت ، غم ، نازك

۵۔ نظم سے اپنی پسند کا کوئی شعر لکھیے اور پسندیدگی کی وجہ بھی لکھیے۔

Write a couplet of your choice from the poem and justify your choice.

٦۔ مندرجہ ذیل حصۂ نظم کا ترجمہ اُردو یا انگریزی میں کیجیے۔

Translate the following couplets of the poem into Urdu or English.

بگمانت که چو رفتم به سفر   کردم از مادرِ خود صرفِ نظر؟

آتشِ اُلفتِ دیرین شد سرد   پسرت رفت و فراموشت کرد؟

۷۔ احسان باخلقِ خدا

تمہید : برق رفتار زندگی نے اعلیٰ اخلاقی اقدار کو بڑی ضرب پہنچائی ہے۔ خودغرضی ہر انسان کے دل میں جاگزیں ہوچکی ہے۔ ہر ایک کو اپنی فکر ہے۔ وہ ذاتی آسائش اور آرام کی آرزو میں انسانی رشتوں کو بھی بھلا چکا ہے۔ ہم نے اخبارات میں ایسی بہت سی خبریں پڑھی ہیں جن میں بیٹا اپنے ماں باپ کو بے یار و مددگار چھوڑ کر اپنی دنیا الگ بسا لیتا ہے۔ حالات کا تقاضا ہے کہ ماحول کو تبدیل کرنے کی کوشش کی جائے اور انسان کو ایک بار پھر ہمدردی، غمگساری، نیکی کا بھولا ہوا سبق یاد دلایا جائے۔ شیخ سعدی شیرازی کی یہ نظم اسی سمت کی گئی ایک کوشش ہے۔ ممکن ہے کہ اس کے مطالعے کے بعد کسی شخص میں نیکی کا جذبہ پیدا ہوجائے اور وہ نیکی کے راستے پر چل پڑے۔ یہی اس نظم کی کامیابی کی دلیل ہوگی۔

تعارفِ شاعر: شیخ سعدی شیرازی : (۱۱۸۴ء تا ۱۲۹۱ء) شیخ مشرف الدین سعدی شیراز میں پیدا ہوئے۔ انھوں نے ابتدائی تعلیم شیراز میں اور اعلیٰ تعلیم بغداد کے مدرسۂ نظامیہ میں حاصل کی۔ انھوں نے علامہ ابنِ جوزی سے دینی تعلیم لی اور شیخ شہاب الدین سہروردی سے روحانی فیض حاصل کیا۔ سعدؔی نے تیس سال تک تعلیم حاصل کی، تیس سال تک سیاحت کی اور آخر میں تیس سال گوشہ نشینی اختیار کر کے تصنیف و تالیف کا کام کیا۔ سعدی فارسی کے سب سے زیادہ مقبول شاعر و ادیب ہیں۔ انھوں نے قصیدہ، غزل، رباعی، قطعہ غرض ہر صنفِ سخن میں طبع آزمائی کی۔ ان کی غزلیات مشہور ہیں۔ ان کی تصنیفات میں گلستان اور بوستان سب سے زیادہ مقبول ہیں۔ بوستان نظموں کا مجموعہ ہے۔ اس میں دس باب ہیں جو اخلاقی اور سماجی مسائل کا احاطہ کرتے ہیں۔ گلستان فارسی نثر کا بہترین نمونہ ہے۔ اس کا موضوع بھی اخلاقی ہے۔ اس میں آٹھ باب ہیں۔ گلستان اپنی فصاحت و بلاغت اور شگفتگی کے لیے مشہور ہے۔ بلاشبہ سعدؔی ایک عظیم شاعر اور معلمِ اخلاق تھے۔ سعدؔی نے شیراز میں ہی انتقال فرمایا۔ ان کا مزار 'سعدیہ' کے نام سے مشہور ہے۔

یکی در بیابان سگِ تشنه یافت ۔۔۔ برون از رمق در حیاتش نیافت
کله دلو کرد آن پسندیده کیش ۔۔۔ چو حبل اندران بسته دستار خویش
بخدمت میان بست و بازو کشاد ۔۔۔ سگِ ناتوان را دمی آب داد
خبر داد پیغمبرؐ از حالِ مرد ۔۔۔ که داور گناهانِ او عفو کرد
الا گر جفاکاری اندیشه کن ۔۔۔ کرم پیشه گیر و وفا پیشه کن
کسی باسگی نیکوئی گم نکرد ۔۔۔ کجا گم شود خیر بانیك مرد
کرم کن بران کت بر آید زدست ۔۔۔ جهان بان در خیر هر کس نه بست
گرت در بیابان نه باشد چهی ۔۔۔ چراغی بنه در زیارت گهی
بقنطار زر بخش کردن ز گنج ۔۔۔ نه چندان که دیناری از دست رنج
تو با خلق نیکو کن اے نیك مرد ۔۔۔ که فردا نگیرد خدا بر تو سخت

گر از پا در آید نماند اسیر
که افتادگان را بود دستگیر

(شیخ سعدی شیرازی)

خلاصه در فارسی : این نظم نصیحت آموز است۔ شاعر می گوید که شخصی در بیابان سگِ تشنه یافت که رمقِ حیات در او باقی نبود۔ آن شخص کلاہِ خود را دلو کرد و دستارِ خویش را چون حبل در آن بست۔ ازین طور آب حاصل کرده سگِ ناتوان را داد۔ پیغمبرؐ خبر داد که خدای تعالیٰ گناهانِ آن شخص را عفو کرد۔ شاعر ما را نصیحت می کند که جفا کاری ترك کرده کرم اختیار کنیم۔ اگر نیکی با سگ ضائع نه شود، خیر با نیك مرد کجا ضائع شود؟ شاعر ما را هدایتِ کرم کردن می دهد۔ گر ما در بیابان چاهی نتوانیم ساخت، ما را باید که در زیارت گاه چراغی به نهیم۔ آن مردمان که نیکی می کنند خدا ایشان را دستگیری کند۔

خلاصہ (اُردو) : یہ ایک نصیحت آموز نظم ہے۔ شاعر کہتا ہے کہ ایک شخص کو بیابان میں ایک پیاسا کتا ملا۔ اس شخص نے اپنی ٹوپی کو ڈول اور اپنی دستار کو رسّی بنا کر کنویں سے پانی نکالا اور کتے کو پلایا۔ پیغمبرِ خداؐ نے بتایا کہ خدائے تعالیٰ نے اس شخص کے تمام گناہوں کو معاف کر دیا۔ شاعر ہمیں نصیحت کرتا ہے کہ ہمیں ظلم و ستم ترک کر کے کرم اور مہربانی اختیار کرنی چاہیے۔ اگر ایک کتے کے ساتھ کی ہوئی نیکی ضائع نہیں ہوتی تو انسانوں کے ساتھ خیر کا سلوک کرنا کیسے ضائع ہوگا؟ شاعر کا کہنا ہے کہ مال و دولت لٹانا ہی نیکی نہیں ہے بلکہ کسی کی ضرورت کے وقت صرف ایک دینار دے دینا بھی بڑی بات ہے۔ اگر ہماری نیکیاں معمولی بھی ہوں تو خدا انھیں قبول کر لیتا ہے۔

فرهنگ (Glossary)

دلو	بالٹی، ڈول	Bucket
کله	ٹوپی	Cap
حبل	رسّی	Rope
دستار	پگڑی	Turban
میان بستن	کمر باندھنا، تیاری کرنا	To get prepared
جهان بان	خدا	God
چاه (چهی)	کنواں	Well
قنطار	سو کلو کا وزن	Quintal
سخت گرفتن	سخت پکڑ کرنا	To hold firmly

Exercise / پرسش

ا۔ مناسب الفاظ سے ذیل کی خانہ پُری کیجیے۔ **Fill in the blanks with appropriate words.**

ا۔ که داور .... عفو کرد

۲۔ گرت .... نه باشد چهی

۳۔ .... زر بخش کردن ز گنج

۴۔ که افتادگان را بود ....

۲۔ مناسب جوڑیاں لگائیے۔ Match the following.

	’الف‘	’ب‘
۱۔	کله	دستارِ خویش
۲۔	حبل	زیارت گهی
۳۔	بیابان	دلو کرد
۴۔	چراغ	چهی

۳۔ مندرجہ ذیل رواں خاکہ مکمل کیجیے۔ Complete the following flow-chart.



۴۔ مندرجہ ذیل مصرعے ترتیب سے لگائیے۔ Rearrange the lines in proper sequence.

که فردا نگیرد خدا بر تو سخت
کرم کن بر آن کت بر آید زدست
جهان بان درِ خیر هر کس نه بست
بخدمت میان بست و باز و کشاد

۵۔ ہدایت کے مطابق عمل کیجیے۔ Do as directed.

۱۔ سلوکِ مرد با سگِ ناتوان بنویسید۔

۲۔ سببِ عفو کردنِ داور بنویسید۔

۳۔ فائدۂ نیکی کردن با خلق بنمائید۔

۶۔ اس نظم کا پیغام اُردو یا انگریزی میں بیان کیجیے۔

Write the message of this poem in Urdu or English.

۸- کارِ شب پا

تمہید : انسان حالات کے ہاتھوں بہت بے بس ہوتا ہے۔ زندگی جینے کی جدوجہد اور اپنے ساتھ اپنے اہل وعیال کی ذمہ داری کو پورا کرنے کے لیے اسے بڑی آزمائشوں سے گزرنا پڑتا ہے۔ زندگی میں بعض ایسے واقعات ہوجاتے ہیں کہ انسان بے بس ہوکر رہ جاتا ہے۔ اس نظم میں ایک چوکیدار کی زندگی کا نقشہ پیش کیا گیا ہے۔ وہ شبِ دراز کی خوف ناکی اور گرمی کا شاکی ہے۔ یہ آزاد نظم ہے۔ اگر روانی سے پڑھی جائے تو نہایت پرلطف محسوس ہوگی۔

تعارفِ شاعر : نیما یوشیج کا اصل نام علی اور ان کے والد کا نام ابراہیم تھا۔ وہ ایران کے صوبے طبرستان کے گاؤں 'یوش' میں پیدا ہوئے۔ انھوں نے طبرستان کے ایک مشہور سپہ سالار کے نام پر اپنا نام 'نیما' اختیار کیا۔ انھوں نے اپنے وطن میں ابتدائی تعلیم حاصل کی۔ اس کے بعد اعلیٰ تعلیم کے لیے وہ تہران آئے اور یہاں فرانسیسی زبان وادبیات سے شناسائی حاصل کی۔ نیما ایران کی جدید شاعری کے بانیوں میں شمار کیے جاتے ہیں۔ انھوں نے شاعری کو نئے خیالات کے ساتھ نیا آہنگ بھی عطا کیا۔ نیما نے ۱۹۶۳ء میں وفات پائی۔

ماه می تابد ، رود است آرام
بر سر شاخهٔ اوجا ، تیرنگ
دم بیاویخته ، در خواب فرو رفته ، ولی در آیش
کارِ شب پا نه هنوز است تمام،
می دمد گاه بشاخ،
گاه می کوبد بر طبل بچوب ؛
و ندر آن تیرگیِ وحشت زا
نه صدائیست بجز این کز اوست؛
هول غالب ، همه چیزی مغلوب۔
می رود دوکی ، این هیکلِ اوست ؛
می رمد سایه ای ، این است گراز ؛
خواب آلوده ، بچشمان خسته
هر دمی با خود می گوید باز :
"چه شبِ موذی و گرمی و دراز!
تازه مرده است زنم ،
گرسنه مانده دو تائی بچه هام،

نیست در کپۀ ما مشت بِرنج ،
بکنم با چه زبانشان آرام؟“

(نیما یوشیج)

خلاصه در فارسی : یکی از نظمِ آزاد از نیما یوشیج است- دراین نظم نیما تاثراتِ شب پا را بیان کرده است- شب پا بر کشت زار و خرمن نگهبانی کرد- ماه می تابد، رُود به آرام رَوَد- شب پا بگل و گاه با طبل کوبد و صدا زد که کسی دزدیا وحشی جانور فصلِ او را تباه نکند- هوا گرم شده بود و چشمانِ او خواب آلوده شدند- او خانوادۀ خود را یاد کرد، زنش تازه مرده شد ، دو تائی بچه ها در خانه هستند و گرسنه بودند- در خانه اش یك مشت برنج ندارد که گرسنگیِ بچه هایش فرو کند- شاعر لاچاریِ انسان را در این نظم نوشته است-

خلاصہ (اُردو) : نیما یوشیج کی یہ ایک آزاد نظم ہے جس میں شاعر رات کے چوکیدار کی کیفیات بیان کر رہا ہے۔ ندی کے کنارے کھیت کھلیان کی چوکیداری کرنے والا چوکیدار رات کے پچھلے پہر جبکہ ندی پُرسکون بہہ رہی ہے اور چاند چمک رہا ہے، وہ اپنی نیند کو دور بھگا کر اپنا فرض ادا کر رہا ہے۔ کبھی بگل بجاتا ہے، کبھی ڈھول پیٹتا ہے کہ کوئی انسان یا جانور کھیت یا فصل کو نقصان نہ پہنچائے۔ اندھیرے میں کسی بھی آہٹ پر چوکنا ہو جاتا ہے۔ درختوں کے سایے میں کوئی پرچھائیں دیکھتا ہے تو وہ کوئی جنگلی جانور ہوتا ہے۔ اپنی نیند سے بھری آنکھوں کو جبراً کھول کر وہ موسم کی گرمی کا شکوہ کرتا ہے۔ اپنے گھر، اپنے بچوں کو یاد کرتا ہے۔ اس کی بیوی حال ہی میں فوت ہوئی ہے اور اس کے دو بچے ہیں جو بھوک سے رو رہے ہیں۔ اس کے جھونپڑے میں ایک مٹھی چاول بھی نہیں ہے جس سے وہ اپنے بچوں کی بھوک مٹا سکے اور ان کی بےچینی و بےقراری کو قرار دے سکے۔ اس نظم میں شاعر نے محنتی اور غریب انسان کی بےبسی کو دکھایا ہے کہ وہ حالات کے ہاتھوں کس قدر مجبور ہوتا ہے۔

فرہنگ (Glossary)

Stream river	نہر، دریا	رُود
Name of a tree	ایک قسم کا درخت	اوجا
Name of a bird	ایک پرندہ	تیرنگ
Yet, still	اب تک	هنوز
Trumpet	بگل	شاخ
Darkness	اندھیرا، تاریکی	تیرگی
Fallow (land)	بیج بوئی ہوئی زمین	آیش
Fear	ڈر، خوف	هول

دُوک	چرخہ، تکلا یا تکلے جیسا	Spindle
هیکل	ہیئت، شکل، ہیولا	Image, shape
گراز	جنگلی سور	Boar
گرسنه	بھوکا	Hungry
کَپه	لکڑی کا برتن	Wooden vessel
مشت	مٹھی	Handful, fistful
برنج	چاول	Rice

Exercise / پرسش

۱۔ مناسب الفاظ سے ذیل کی خانہ پُری کیجیے۔

Fill in the blanks with appropriate words.

۱۔ .... می تابد ، .... است آرام

۲۔ کارِ شب پا نه هنوز است ....

۳۔ گاه می کوبد بر .... بچوب

۴۔ هول غالب ، همه چیزی ....

۵۔ ”چه .... موذی و گرمی و دراز“

۲۔ درست جوڑیاں لگائیے۔

Match the following.

’الف‘	’ب‘
رود	برنج
تیرگی	مغلوب
همه چیزی	وحشت زا
مشت	آرام

۳۔ درج ذیل معمہ حل کیجیے۔

Solve the following crossword.



۴۔ ہدایت کے مطابق عمل کیجیے۔ Do as directed.

۱۔ اسمِ درخت بنویسید۔

۲۔ اسمِ پرندہ بنویسید۔

۳۔ اسمِ جانور بنویسید۔

۴۔ کیفیتِ آن شب بہ الفاظِ خود بنویسید۔

۵۔ اُردو یا انگریزی میں ترجمہ کیجیے۔ Translate the following into Urdu or English.

ماہ می تابد ، رود است آرام

بر سر شاخۂ اوجا ، تیرنگ

دم بیاویختہ ، در خواب فرو رفتہ

۶۔ درج ذیل کی تشریح کیجیے۔ Explain the following.

تازہ مردہ است زنم

گرسنہ ماندہ دو تائی بچہ ھام

نیست در کپۂ ما مُشتِ برنج

بکنم با چہ زبانشان آرام

۷۔ نظم سے درج ذیل الفاظ کے ہم معنی فارسی الفاظ تلاش کر کے لکھیے۔

Write the Persian words for the following.

۱۔ چاند (Moon)	۲۔ رات (Night)	۳۔ اندھیرا (Darkness)
۴۔ ڈر، خوف (Fear)	۵۔ تکلیف دہ (Harmful)	۶۔ بھوکا (Hungry)

۸۔ درج ذیل مصرعے مکمل کیجیے۔ Complete the following lines.

۱۔ دم بیاویختہ ، در خواب فرو رفتہ ....

۲۔ می رود دو کی ....

۳۔ خواب آلودہ ....

۴۔ چہ شب موذی ....

۹۔ اس نظم کی ہیئت بتائیے۔ Define the form of this poem.

۹- حَمّالِ دُنیا

تمہید : انسان کوخدائے تعالیٰ نے زمین پر اُتارا اور اس کے لیے دنیا کوسنوارا۔ انسان کے لیے دنیا بنائی گئی ہے۔ دنیا کے لیے انسان نہیں بنایا گیا۔ اس لیے لازم ہے کہ وہ دنیا کو اپنی ضروریات تک محدود رکھے۔ لیکن انسان اپنی پیدائش کے مقصد کو بھول کر دنیا اور دنیا کی آسائشوں کے پیچھے بھاگتا ہے۔ وہ یہ بھول جاتا ہے کہ جس دنیا کی محبت میں وہ گرفتار ہے، وہ قبر سے باہر ہی چھوٹ جائے گی۔ لیکن آخرت میں اس سے حساب اسی دنیا میں اس کے معاملات کے بارے میں ہوگا۔ اس نظم میں شاعر نے دنیا سے بہت زیادہ محبت کرنے کے نتائج سے خبردار کیا ہے۔

تعارفِ شاعر : استاد محمد حسین شہریار ۱۹۰۶ء میں تبریز میں پیدا ہوئے۔ انھوں نے اپنی ابتدائی تعلیم جماعت سوم تک اور عربی تعلیم مدرسۂ طالبیہ، تبریز میں مکمل کی۔ انھوں نے فرانسیسی زبان بھی سیکھی۔ وہ ۱۳۳۹ھ میں تہران گئے۔ ان کا پہلا شعری مجموعہ 'مثنوی روح پروانہ' کے نام سے شائع ہوا اور ۱۳۱۰ھ میں دوسری اشاعت کا مقدمہ ملک الشعرا بہارؔ اور سعید نفیسی جیسے استادان نے تحریر کیا۔ کلیاتِ شہریار میں غزل، قصیدہ، مثنوی اور قطعات کے تقریباً پانچ ہزار اشعار ہیں۔ استاد شہریار ایک بلند پایہ شاعر تھے اور عروض پر دسترس رکھتے تھے۔ انھوں نے ۱۸ ستمبر ۱۹۸۸ء کو تہران کے ایک اسپتال میں انتقال کیا اور تبریز میں 'مقبرۃ الشعرا' نامی قبرستان میں سپرد خاک ہوئے۔

چه خوبست دُنیا و اقبالِ دُنیا	اگر خرجِ عُقبا کُنی مالِ دُنیا
چو دُنیا نخواهی بدُنبالِ خود بُرد	چه سود از دویدن بدُنبالِ دُنیا
همه اینجهانی شود آنجهانی	اگر جَستی از دامِ عَمّالِ دُنیا
براه خدا آنچه اِنفاق کردی	برای تو آن ماند از مالِ دُنیا
یکی پردۀ عبرت و سینمائی است	بچشمِ من اوضاع و احوالِ دُنیا
بخود آ که دنیا بآخر رسیده	منجّم چه بد می زند فالِ دُنیا
اگر حملِ دنیا همین تالبِ گور	خدایا چه بدبخت حمّالِ دُنیا

(محمد حسین شهریآر)

خلاصه در فارسی : از نظر بی ثباتیِ دنیا و تیاریِ آخرت، این یک نظم بامعنی است۔ اگر انسان مالِ خود را برای عقبیٰ خرج می کند، دنیای او آراسته می شود۔ گر ما دنیا را بدنبال خود بردن ناکام هستند، مارا باید که در دنبالِ دنیا نه دویدیم۔ اگر انسان از دامِ عمالِ دنیا خود را محفوظ دارد، بالآخر مُردن قسمتِ اوست۔ ازین سبب فی سبیل الله خرج کردن بهتر است۔ حیثیتِ دنیا غیر حقیقی است۔ آنها خیلی بدنصیب هستند که بارِ دنیا تالبِ گور می کشانند۔

خلاصہ (اُردو) : دنیا کی بے ثباتی اور آخرت کی تیاری کے نقطۂ نظر سے یہ ایک نہایت بامعنی نظم ہے۔ اگر انسان اپنا مال عقبیٰ سنوارنے کے لیے خرچ کرتا ہے تو اس کی دنیا بھی سنور سکتی ہے۔ اگر ہم دنیا کو اپنے پیچھے نہیں لا سکتے تو کم از کم دنیا کے تعاقب میں بے کار نہ دوڑیں۔ اگر دنیا کے مشاغل کی دست برد سے بچ بھی گئے تو آخر ایک دن مرنا ہی ہے۔ اللہ کے راستے میں خرچ کرنا ہی اصل کمائی ہے ورنہ دنیا کے احوال تو سنیما کے پردے کی طرح ہیں مطلب غیر حقیقی۔ جو لوگ قبر تک دنیا کا بوجھ اُٹھائے پھرتے ہیں وہ بڑے بدقسمت ہوتے ہیں۔

فرہنگ (Glossary)

Load-bearer, porter	بوجھ اُٹھانے والا	حمّال
Good luck, fortune	بخت	اقبال
Expense	خرچ	خرج
Life to come, afterlife	آخرت	عُقبا
Property, belonging	جو کچھ پاس ہو، ملکیت	مال
Profit, gain	نفع	سود
Net, trap	جال	دام
Agents	عامل کی جمع، نمائندہ	عمّال
Donation, contribution	خرچ کرنا، خیرات دینا	انفاق
Lesson, warning	نصیحت، سبق	عبرت
Pertaining to movies / cinema	سینمائی، سینما سے متعلق	سینمائی
Conditions, circumstances	حالات (وضع کی جمع)	اوضاع
Astrologer	ستارہ شناس، نجومی	منجم
Porter, coolie	مزدور، قلی	حَمّال

Exercise / پرسش

ا۔ مناسب الفاظ سے ذیل کی خانہ پُری کیجیے۔ **Fill in the blanks with appropriate words.**

۱۔ چه خوبست دنیا و .... دنیا

۲۔ همه اینجهانی شود ....

۳۔ به چشمِ من .... و احوالِ دنیا

۴۔ .... چه بد می زند فالِ دنیا

۲۔ شعر مکمل کیجیے۔

Complete the following couplets.

۱۔ چو دنیا نخواهی بدُنبالِ خود بُرد

. . . .

۲۔ براهِ خدا آنچه انفاق کردی

. . . .

۳۔ . . . .

خدایا چه بدبخت حمالِ دنیا

۳۔ نظم سے درج ذیل الفاظ کی ضدیں تلاش کر کے لکھیے۔

Write antonyms of the following words from the poem.

۱۔ دنیا ۲۔ اینجهانی ۳۔ زیان ۴۔ اوّل

۴۔ نظم سے زیرِ اضافت والی تراکیب تلاش کر کے لکھیے۔ مثلاً : اقبالِ دنیا

Write examples of 'زیرِ اضافت' from the poem.

۵۔ نظم سے مطلع تلاش کر کے لکھیے۔

Write the opening couplet of the poem.

۶۔ درج ذیل اشعار کا اُردو یا انگریزی میں ترجمہ کیجیے۔

Translate the following couplets into Urdu or English.

۱۔ براهِ خدا آنچه انفاق کردی
برای تو آن ماند از مالِ دنیا

۲۔ بخود آ که دنیا بآخر رسیده
منجم چه بد می زند فالِ دُنیا

۷۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح اُردو یا انگریزی میں کیجیے۔

Explain the following couplets in Urdu or English.

۱۔ چه خوبست دُنیا و اقبالِ دُنیا
اگر خرجِ عُقبا کُنی مالِ دُنیا

۲۔ اگر حمل دنیا همین تالب گور
خدایا چه بدبخت حمالِ دُنیا

۸۔ اس نظم کے پیغام کو اُردو یا انگریزی میں بیان کیجیے۔

Write the message of this poem in Urdu or English.

۱۰- غزل

تعارفِ شاعر : ملا فخر الدین عراقیؔ ہمدانی کا نام فخر الدین ابراہیم اور تخلص عراقیؔ تھا۔ وہ ہمدان نام کے دیہات میں ۶۱۰ھ میں پیدا ہوئے۔ وہ حافظِ قرآن تھے۔ وہ سترہ سال کی عمر میں مسلکِ تصوف سے متاثر ہوئے اور درویشوں کے ایک گروہ کے ساتھ ہندوستان پہنچنے کے بعد شیخ بہاء الدین زکریا ملتانی کے مرید ہوگئے۔ یہاں کچھ دن قیام کے بعد وہ مکہ و مدینہ کے لیے روانہ ہوئے۔ قونیہ میں عراقیؔ نے شیخ صدر الدین اور شیخ محی الدین ابنِ عربی سے درس لیا اور اپنی مشہور کتاب 'لمعات' تصنیف کی۔ عراقیؔ نے ایک مثنوی 'دہ نامہ' یا 'عشاق نامہ'، نثری تصنیف 'لمعات' اور غزلیات کا ایک دیوان چھوڑا ہے۔ عراقیؔ کا اصل کارنامہ غزل ہے۔ عراقیؔ کا انتقال ۶۸۸ھ میں دمشق میں ہوا۔

نخستین باده کاندر جام کردند — زچشمِ مستِ ساقی وام کردند

لبِ میگونِ جانان جام در داد — شرابِ عاشقانش نام کردند

به مجلس نیك و بد را جای دادند — به جامی کارِ خاص و عام کردند

به عالم هر کجا درد و غمی بود — بهم کردند و عشقش نام کردند

چو خود کردند رازِ خویشتن فاش

عراقیؔ را چرا بدنام کردند

(ملّا فخر الدین عراقیؔ ہمدانی)

فرہنگ (Glossary)

نخستین	اوّل، پہلا	First
باده	شراب	Wine
چشمِ مست	مستی بھری آنکھ	Cock-eyed
وام کردن	اُدھار لینا، مستعار لینا	To borrow, to lend
جام	پیالہ	Goblet
کُجا	کہاں	Where
بهم کردند	جمع کیا، یکجا کیا	Collected
رازِ خویشتن	خود اپنا راز	One's own secret
فاش کردن	کھولنا، ظاہر کرنا	To expose
چرا	کیوں	Why
ساقی	شراب پلانے والا	Cup-bearer

Exercise / پرسش

۱۔ غزل سے قافیے تلاش کر کے لکھیے۔

Find 'Qafiya' from the ghazal.

۲۔ غزل سے ہم صوت الفاظ تلاش کر کے لکھیے۔

Write rhyming words from the ghazal.

۳۔ غزل سے مطلع اور مقطع کا شعر لکھیے۔

Find opening and closing couplets (Matla and Maqta) from the ghazal.

۴۔ مناسب جوڑیاں لگائیے۔

Match the following.

الف	ب
باده	ساقی
چشم	جام
لب	نیك و بَد
مجلسِ	جانان

۵۔ مندرجہ ذیل اشعار کی اُردو یا انگریزی میں تشریح کیجیے۔

Explain the following coupletsin Urdu or English.

لبِ میگونِ جانان جام در داد　　شرابِ عاشقانش نام کردند
به عالم هر کجا درد و غمی بود　　بهم کردند ، و عشقش نام کردند

٦۔ غزل سے صنعتِ استعارہ کا شعر تلاش کر کے لکھیے۔

Find the couplet from the ghazal having صنعتِ تشبیه .

۱۱- غزل

تعارفِ شاعر: امیر خسرؔو کا اصل نام امیر نجم الدین تھا۔ وہ اُتر پردیش کے قصبے پٹیالی (ضلع ایٹا) میں ۱۲۵۳ء میں پیدا ہوئے۔ وہ پہلے سلطانؔی تخلص کرتے تھے، بعد میں خسرؔو تخلص اختیار کیا۔ انھوں نے پندرہ سال کی عمر میں تمام علوم وفنونِ درسیہ سے فارغ ہوکر شعر کہنا شروع کیا۔ وہ نظم کی تمام اقسام پر قدرت رکھتے تھے۔ انھوں نے تین لاکھ سے زائد اشعار کہے۔ خسرؔو نے سات بادشاہوں کا زمانہ دیکھا اور ان کی شان میں قصیدے کہے۔ خسرؔو کی شہرت ان کی پانچ مثنویوں کی وجہ سے ہوئی۔ ان کی غزلوں میں تصوّف کا رنگ جھلکتا ہے۔ ان کے کلام میں درد، سوز و گداز، جوش اور روانی پائی جاتی ہے۔ انھیں 'طوطیِ ہند' کے لقب سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔ ہندوستانی موسیقی کی ترقی میں ان کا گراں قدر حصہ رہا ہے۔ وہ نظام الدین اولیؒا کے چہیتے مرید اور خلیفہ تھے۔ ان کا انتقال ۱۳۲۵ء میں ہوا اور انھیں نظام الدین اولیؒا کے پائینتی دفن کیا گیا۔

ای چهرهٔ زیبای تو رشکِ بُتانِ آزری
هر چند وصفت می کنم در حسن از آن زیبا تری

هرگز نیاید در نظر نقشی ز رویَت خُوب تر
شمسی ندانم یا قمر، حوری ندانَم یا پَری

آفاقها گردیده ام، مهرِ بتان ورزیده ام
بسیار خوبان دیده ام، لیکن تو چیزی دیگری

من تو شُدم، تو من شُدی، من جان شدم، تو تن شدی
تا کس نگوید بعد ازین، من دیگرم، تو دیگری

خسرؔو غریب است و گدا، اُفتاده در شهرِ شما
باشد که از بهرِ خدا، سوی غریبان بِنگری

(امیر خسرؔو)

فرہنگ (Glossary)

چهرۂ زیبا	خوب صورت چہرہ	Beautiful face
رشك	حسد	Envy
بتانِ آزری	آزر کے بنائے ہوئے بت	Idols made by Azer
رو	چہرہ	Face

آفاق	اُفق کی جمع	Horizons
ورزیدن	اختیار کرنا، تجربہ کرنا	To experience
بسیار	بہت	Plenty
خوبان	حسین، خوب صورت (معشوق)	Beauties (beloved)
اُفتادن	گرنا	To fall down
سوی غریبان	غریبوں کی جانب	Towards poor/humble

Exercise / پرسش

۱۔ درج ذیل الفاظ کے ہم معنی لفظ لکھیے۔ **Write synonyms of the following words.**

چهره ، زیبا ، حسین ، گدا

۲۔ غزل سے ہم صوت الفاظ چن کر لکھیے۔ **Write rhyming words from the ghazal.**

۳۔ اپنی پسند کا شعر منتخب کیجیے اور اس کی وضاحت اُردو یا انگریزی میں کیجیے۔
Write a couplet of your choice and justify your choice in Urdu or English.

۴۔ غزل کے مقطع کی تشریح اُردو یا انگریزی میں کیجیے۔
Explain the closing couplet (Maqta) of this ghazal in Urdu or English.

۵۔ غزل سے صنعتِ تلمیح کا شعر تلاش کر کے لکھیے۔
Find the couplet from the ghazal having صنعتِ تلمیح .

۶۔ غزل سے صنعتِ مبالغہ کا شعر تلاش کر کے لکھیے۔
Find the couplet from the ghazal having 'hyperbole' (صنعتِ مبالغہ).

۷۔ مناسب متبادل کی مدد سے مصرعے مکمل کیجیے۔ **Complete the verses with correct alternative.**

۱۔ ای چهرۂ زیبای تو رشکِ بتانِ .... (سامری ، آزری)

۲۔ شمسی ندانم یا .... حوری ندانم یا پری (قمر ، مهر)

۳۔ آفاقها گردیده ام .... بتان ورزیده ام (قهر ، مهر)

۴۔ باشد که از بهرِ خدا سوی .... بنگری (غریبان ، رقیبان)

۱۲- غزل

تعارفِ شاعر: محمد ابراہیم خلیل ولد مرزا افضل احمد خان اصلاً کابل کے رہنے والے تھے۔ان کا سن پیدائش ۱۸۹۶ء ہے۔انھوں نے ابتدائی تعلیم اپنی والدہ سے حاصل کی۔ بعد میں کابل کے 'مدرسہ سراجیہ' میں مکتب کی تعلیم حاصل کی۔ انھوں نے امان اللہ خان غازی کے دوسرے سالِ حکومت میں وزارتِ خارجہ میں بحیثیت کاتب کام کیا اور ایک سال بعد ہندوستان میں افغانی قونصل خانے میں کتابت کی ذمہ داری سنبھالی۔ وہ سرکاری ملازمت کے ساتھ ساتھ تدریس بھی کرتے تھے۔ وہ خطاطی اور شاعری میں یکساں مہارت رکھتے تھے۔ ان کی کئی نثری اور شعری تصنیفات شائع ہوچکی ہیں۔ ۱۹۸۴ء میں ان کا انتقال ہوا۔

همتِ مردانه و طبعِ توانگر داشتن
بهتر است از ملك و مال و ثروت و زر داشتن

خوشتر است از بخت و اقبالِ سکندر داشتن
سینه چون آئینه صاف از کینه در بر داشتن

از هزاران کاخ و باغ و قصر و گلشن بهتر است
جای در دلهائی پاكِ اهلِ کشوَر داشتن

گفتمش شامِ سیاهِ جهل را تدبیر چیست
گفت شمع علم و عرفان را منوّر داشتن

گفتمش مِلّی طریقِ زندگی چون بهتر است
گفت بارِ کس نگشتن بارِ کس برداشتن

(محمد ابراهیم خلیل)

فرهنگ (Glossary)

ثروت	دولت	Wealth
کاخ	محل	Palace
قصر	محل	Palace
کِشوَر	ملک	Country
جهل	جہالت	Ignorance

Exercise / پرسش

۱۔ مناسب جوڑیاں لگائیے۔

Match the following.

الف	ب
همت	سیاه
طبع	سکندر
اقبال	توانگر
شام	مردانه

۲۔ غزل سے درج ذیل الفاظ کی ضد تلاش کر کے لکھیے۔

Write antonyms of the following words.

۱۔ بدتر ۲۔ علم

۳۔ مرگ ۴۔ صبح

۳۔ اس غزل سے مطلع کا شعر لکھیے۔

Write the opening couplet (Matla) from the ghazal.

۴۔ درج ذیل شعر کی وضاحت اُردو یا انگریزی میں کیجیے۔

Explain the following coupletin Urdu or English.

از هزاران کاخ و باغ و قصر و گلشن بهتر است

جای در دلهائی پاکِ اهل کشور داشتن

۵۔ اس غزل میں شاعر نے علم سے متعلق جو مشورہ دیا ہے، اسے اُردو یا انگریزی میں تحریر کیجیے۔

Write the advice/suggestion rendered by the poet about 'knowledge' in this ghazal.

۶۔ ایسا شعر تلاش کیجیے جس میں کہا گیا ہے کہ دل میں کوئی کدورت نہ رکھی جائے۔

Find a couplet from the ghazal which advises not to keep malice in heart.

۷۔ غزل سے صنعت تشبیہ کا شعر تلاش کر کے لکھیے۔

Find a couplet from the ghazal having 'simile'.

۸۔ غزل سے صنعت مبالغہ کا شعر تلاش کر کے لکھیے۔

Find a couplet from the ghazal having 'hyperbole'.

۱۳۔ غزل

تعارفِ شاعر : حمید سبزواری کا اصل نام حسین ممتخنی تھا۔ وہ ۱۸۸۷ء میں ایران کے شہر سبزوار میں پیدا ہوئے۔ تعلیم کے دوران وہ اسکولی کتابوں کے علاوہ غیر درسی کتابوں کا بھی مطالعہ کیا کرتے تھے۔ انھوں نے چودہ برس کی عمر میں شعر گوئی کا آغاز کیا۔ انھیں شاعری کا شوق والد سے وراثت میں ملا تھا۔ ان کے کلام کے سات مجموعے شائع ہو چکے ہیں جن میں 'سرود درد، سرودِ سپیدہ، کاروانِ سپیدہ' اور 'یادِ یاراں' اہم ہیں۔ انقلابِ ایران کے رہنما آیت اللہ خمینیؒ نے ان کے دیوان پر مقدمہ لکھا ہے۔ ۱۹۷۵ء میں ایران کے ایک اسپتال میں ان کا انتقال ہوا۔

چه کم داری ای دل که غم داری ای دل — چو غم داری ای دل چه کم داری ای دل

بدین بی نیازی سزد گر بنازی — به جاهی که برتر ز جم داری ای دل

خوشا دردمندی که درمان نجوید — همه درد و درمان به هم داری ای دل

مکن شکوهٔ بی ثباتی زِ دوران — به شکری که نقشِ قلم داری ای دل

نمردند عُشاق و هرگز نه میری — اگر عشق را محترم داری ای دل

صمد را به جان بندگی کن مبادا!
که در آستینت صنم داری ای دل

(حمید سبزواری)

فرہنگ (Glossary)

جم	ایرانی بادشاہ جمشید کا مخفف	Abbreviated name of an Iranian emperor 'Jamshed'
بی ثباتی	فنا ہونا، ختم ہو جانا، ناپائیداری	Instability
دوران	عہد، زمانہ	Era, period, time
مبادا	ایسا نہ ہو، خدا نہ کرے	Not to happen

Exercise / پرسش

۱۔ غزل سے مطلع کا شعر لکھیے۔
Find the opening couplet (Matla) of this ghazal.

۲۔ غزل میں آئے ہوئے قافیوں کو ترتیب سے لکھیے۔
Write the rhyming words of this ghazal in sequence.

۳۔ غزل سے ایسا شعر تلاش کیجیے جس میں دنیا کے فنا ہونے کا ذکر ہے۔
Find a couplet from the ghazal which describes the destruction of this world.

۴۔ شعر کی وضاحت اُردو یا انگریزی میں کیجیے۔
Explain the couplet in Urdu or English.

صمد را به جان بندگی کن مبادا
که در آستینت صنم داری ای دل

۵۔ 'نقشِ قلم' اِس ترکیب کی وضاحت اُردو یا انگریزی میں کیجیے۔
Explain the term 'نقشِ قلم' in Urdu or English.

۶۔ درج ذیل مصرعوں کو غزل کی ترتیب میں لکھیے۔
Rearrange the following verses in proper sequence.

۱۔ به شکری که نقشِ قلم داری ای دل
۲۔ بدین بی نیازی سزد گر بنازی
۳۔ چو غم داری ای دل چه کم داری ای دل
۴۔ اگر عشق را محترم داری ای دل
۵۔ خوشا دردمندی که درمان نجوید

۱۳- غزل

تعارفِ شاعر : عمر خیام (۱۰۴۸ءتا۱۱۲۳ء) : غیاث الدین نام، ابوالفتح کنیت اور خیاؔم تخلص تھا۔ ان کے والد ابراہیم چونکہ خیمہ دوز تھے اس لیے خیاؔم تخلص اختیار کیا۔ انھوں نے نظام الملک طوسی اور حسن بن صباح کے ساتھ تعلیم پائی۔ وہ فلسفے میں بوعلی سینا کے ہمسر تھے۔ وہ مذہبی علوم اور ادب و تاریخ کے فن میں امام اور علمِ نجوم کے ماہر تھے۔ نظامی عروضی سمرقندی جیسے عالم ان کے شاگرد تھے۔
عمر خیام نے مختلف علوم وفنون میں کتابیں لکھیں مگر ان کی رباعیات کو عالمی اور دائمی شہرت حاصل ہوئی۔ مختلف زبانوں میں ان کا ترجمہ ہوا۔ ان کی رباعیات میں آمرزشِ گناہ، توبہ و استغفار، اخلاق وتصوف، حسن وعشق ہر قسم کے مضامین پائے جاتے ہیں۔ مگر بادہ و مینا اور بے ثباتیِ دنیا ان کے خاص موضوعات ہیں۔

تعارفِ شاعر : افسؔر سبزواری کا نام محمد ہاشم میرزا اور تخلص افسر تھا۔ ان کے والد کا نام نوراللہ میرزا تھا۔ وہ ۱۲۹۷ھ میں سبزوار میں پیدا ہوئے۔ افسؔر دورِ قاچار کے ایک ادیب اور شاعر تھے۔ انھوں نے ابتدا میں منطق، معنی و بیان، بدیع و ریاضیات کا علم حاصل کیا۔ وہ فارسی ادبیات کے عالم تھے۔ جوانی کے زمانے سے ہی انھیں شعر کہنے میں دلچسپی تھی۔ وہ رباعی اور قطعہ میں خصوصی مہارت رکھتے تھے۔ افسؔر کے اشعار عام طور پر رواں اور پیچیدگی وتکلف سے پاک ہوتے ہیں جن میں وہ اخلاقی، اجتماعی اور وطنی موضوعات کو برتتے ہیں۔ ۱۳۵۹ھ میں ۶۲ رسال کی عمر میں ان کا انتقال ہوا اور شہرِ رے میں سپردِ خاک ہوئے۔

تعارفِ شاعر : سرمؔد (وفات ۱۶۶۱ء) سرمؔد کا شمار فارسی کے ان گنے چنے شعرا میں ہوتا ہے جنھوں نے رباعی جیسی مشکل صنف کو اپنے خیالات کے اظہار کا وسیلہ بنایا۔ ان کے سنِ پیدائش کا پتہ نہیں چلتا۔ لوگوں کو سرمؔد کے حالاتِ زندگی کا بہت کم علم ہے۔ ان کا آبائی وطن 'کاشان' تھا۔ وہ نسلاً یہودی تھے۔ انھوں نے اسلام قبول کرنے کے بعد اسلامی نام محمد سعید اختیار کیا۔ وہ تجارت کی غرض سے شاہجہاں کے دور میں ہندوستان آئے اور سندھ کے شہر ٹھٹھ میں قیام پذیر ہوئے۔ بعد میں وہ دہلی آئے جہاں انھیں شہرتِ عام حاصل ہوئی۔ اورنگ زیب کے زمانے میں سرمؔد کی غیر شرعی حرکات کے سبب علما نے ان کے قتل کا فتویٰ دیا۔ انھیں جامع مسجد دہلی کی سیڑھیوں کے قریب قتل کیا گیا اور وہیں دفن کیا گیا۔ ان کی رباعیات جذب وسرمستی کا مرقع ہیں۔

(۱)

غم چند خوری بکارِ ناآمدۂ خویش
رنج ست نصیبِ مردمِ دور اندیش
خوش باش و جہان تنگ مکن بر دلِ خویش
کز خوردنِ غم قضا نگردد کم و بیش

(عمر خیاؔم)

(۲)

ای دل ! رہِ بیهوده چرا می پوئی
راهی که نمی رَوی چرا می جوئی
ای دل گفتی ز عاشقی توبه کنم
کاری که نمی کنی چرا می گوئی
(افسؔر سبزواری)

(۳)

یا رب زکرم به بخش تقصیرِ مرا
مقبول بکن نالۂ شب گیرِ مرا
پیری و گناهی ماجرائیست عجب
لطفِ تو کند چارۂ تدبیرِ مرا
(سرمدؔ)

فرهنگ (Glossary)

عمر خیامؔ:

مردم	لوگ	People
دور اندیش	دور کا سوچنے والا	Far-sighted
خوش باش	خوش رہو	Be happy

افسؔر سبزواری:

بیهوده	بے کار	Useless
پوئی	تو دوڑے	Run
جوئی	تو ڈھونڈے	Search, find

سرمدؔ:

تقصیر	گناہ	Sin, fault
نالۂ شب گیر	رات کا رونا	Weeping at night
پیری	بڑھاپا	Oldage
چارۂ تدبیر	کسی مسئلے کا حل	Solution

Exercise / پرسش

رباعی ۱:

۱۔ خیاّم نے رباعی میں جو پیغام دیا ہے، اسے اُردو یا انگریزی میں لکھیے۔

Write the message given by 'Khayyam' through this Rubai in Urdu or English.

۲۔ رباعی سے مصدر تلاش کرکے لکھیے۔

Find infinitive from the Rubai.

۳۔ درج ذیل شعر میں سے ہم معنی الفاظ لکھیے۔

Find synonyms from the following couplet.

غم چند خوری بکارِ ناآمدۂ خویش
رنج ست نصیبِ مردمِ دور اندیش

رباعی ۲:

۱۔ 'رہِ بیھودہ' ترکیب کی تشریح کیجیے۔

Explain the term : 'رہِ بیھودہ'

۲۔ اس رباعی کے پیغام کو اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔

Write the message conveyed through this Rubai in your own words.

۳۔ اس رباعی کے شاعر کا نام لکھیے۔

Write the name of poet of this Rubai.

رباعی ۳:

۱۔ اس رباعی میں شاعر نے جو پیغام دیا ہے، اسے تحریر کیجیے۔

Write the message of the poet given through this Rubai

۲۔ 'نالۂ شب گیر' اس ترکیب کی وضاحت اُردو یا انگریزی میں کیجیے۔

Define the term 'نالۂ شب گیر' in Urdu or English.

۳۔ درج ذیل الفاظ کی ضد رباعی سے تلاش کرکے لکھیے۔

Find antonyms of the following words from Rubai.

ستم ، شباب ، ثواب

۱۵۔ قطعات

تعارفِ شاعر : **ابنِ یمین** : امیر فخر الدین محمود معروف بہ ابنِ یمیؔن ۱۲۸۶ء میں خراسان میں پیدا ہوئے۔ انھوں نے اپنے والد کے زیرِ سایہ ابتدائی تعلیم حاصل کی۔ وہ سلطان خدا بندہ کے عہد میں خراسان آئے۔ وہ اپنے زمانے کے زبردست عالم تھے۔ خوش قسمتی نے انھیں خواجہ علاؤالدین محمد کے دربار میں اعلیٰ عہدہ دلایا۔ ابنِ یمین، شیخ حسن نامی روحانی بزرگ کے مرید ہوئے۔ ابنِ یمین کے قطعات بہت مشہور ہیں۔ وہ ۱۳۴۲ء کی ایک جنگ میں گرفتار ہوئے اور اسی دوران ان کی نظموں کا دیوان ضائع ہوگیا۔ قطعہ نگاری میں انھیں ملکہ حاصل تھا۔ ایران میں ان کا تعارف صوفی شاعر کی حیثیت سے کیا جاتا ہے۔

تعارفِ شاعر : **فضولیؔ** : نام محمد سلمان فضول، تخلص فضولیؔ۔ ۱۴۸۰ء میں مولانا محمد حکیم ملا فضولی کے خانوادے میں، کربلا (عراق) میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد مفتی تھے، ابتدائی تعلیم انھی سے حاصل کی۔ انھوں نے رحمت اللہ نامی عالم سے عربی تعلیم حاصل کی اور حسیبیؔ نامی شاعر سے ادبی علوم حاصل کیے۔ وہ عربی، فارسی اور ترکی زبانوں پر قدرت رکھتے تھے۔ ان تینوں زبانوں میں ان کے دیوان موجود ہیں۔ وہ طب میں بھی یدِطولیٰ رکھتے تھے۔ ۱۵۵۶ء میں طاعون کی وبائی بیماری میں ان کا انتقال ہوا۔

تعارفِ شاعر : عادلؔ ناگپوری : عادلؔ ناگپوری کا نام سیّد محمد عبدالعلی اور تخلص عادلؔ تھا۔ وہ ۱۸۲۳ء میں ناگپور میں پیدا ہوئے۔ انھوں نے دینی اور علمی ماحول میں تعلیم و تربیت پائی اور ابتدائی تعلیم اپنی والدہ سے حاصل کی۔ انھوں نے قرآن حفظ کیا اور قرأت و تجوید کا فن سیکھا۔ بعد ازاں مدرسہ رسولہ (ناگپور) سے اُردو، فارسی اور عربی کی اعلیٰ تعلیم حاصل کی۔ وہ راجا رگھوجی بھونسلے ثالث کی انتظامیہ میں نائب رسالدار کے منصب پر فائز ہوئے۔ بھونسلے حکومت کا چراغ گل ہوجانے کے بعد وہ کھیتی باڑی کی آمدنی پر گزر بسر کرنے لگے۔ عادلؔ نے اپنی ایک مثنوی میں اپنی تیرہ کتابوں کا ذکر کیا ہے۔ وہ اُردو اور فارسی دونوں زبانوں میں شعر کہتے تھے۔ ان کا فارسی کلام 'دیوانِ عادلؔ ناگپوری' کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔ ۱۸۹۴ء میں گردے کی بیماری کی وجہ سے ناگپور میں ان کا انتقال ہوا۔

(۱)

سودِ دنیا و دین اگر خواهی — مایۂ هر دو شان نکوکاریست
راحتِ بندگانِ حق جُستن — عین تقویٰ و زهد و دینداریست
گر درِ خلد را کلیدی هست — بیش بخشیدن و کم آزاریست

(ابنِ یمیؔن)

(۲)

دام دردست و بلا دائرۂ قید جهان — عارف آنست کزین دائره بیرون باشد
همۂ عمر براحت گذراند اوقات — فارغ از دغدغۂ گردشِ گردون باشد
نه در آن فکر که آیا چه کنم چون سازم — نه در آن قید که یا رب چه شود چون باشد

(فضولیؔ)

(۳)

بشنو نصیحتِ من ، هنرای پسر بیاموز
زهنر به صحبتِ شه ، بشود ترا رسائی

مَثَلے زنند دانا ، بحقِ تمام نادان
کفِ بی هنرنباشَد ، همه کفچۂ گدائی

(عادؔل ناگپوری)

فرہنگ (Glossary)

قطعہ ۱:

بندگانِ حق	نیک بندے، خدا کے بندے	Pious people
کلید	چابی، کنجی	Key
بخشیدن	معاف کرنا	To forgive

قطعہ ۲:

دام	جال	Net
عارف	جاننے والا، واقف	One who knows
فارغ	آزاد، بری	Free
دغدغہ	فکر، تشویش، وسوسہ	Worry, disturbance
گردون	آسمان، فلک	Sky

قطعہ ۳:

مَثَل زدن	کہاوت بیان کرنا، مثال دینا	To cite an example or proverb
کفِ بی هنر	ہنر نہ رکھنے والی ہتھیلی (ہاتھ)	Unskilled hand
کفچہ	ڈوئی، کفگیر، کشکول، کاسہ	Ladle, skimmer, bowl

Exercise / پرسش

(۱)

۱۔ قطعے سے مصدر تلاش کر کے لکھیے۔
Find infinitive from the 'Quita'.

۲۔ اس قطعے کا مرکزی خیال چند جملوں میں اُردو یا انگریزی میں بیان کیجیے۔
Write the central idea of this 'Quita' in few sentences in Urdu or English.

۳۔ اس شعر کی تشریح اُردو یا انگریزی میں کیجیے۔ Explain the following couplet in Urdu or English.

راحتِ بندگانِ حق جُستن
عینِ تقویٰ و زھد و دیندار یست

(۲)

۱۔ درج ذیل الفاظ کی ضدیں لکھیے۔ Write antonyms of the following words.

اَندرون ، رِھائی ، کلفت

۲۔ اس قطعے کے پیغام کو اُردو یا انگریزی میں بیان کیجیے۔
Write the central idea of this 'Quita' in few sentences in Urdu or English.

۳۔ 'دائرۂ قیدِ جھان' اس ترکیب کی وضاحت اپنے الفاظ میں کیجیے۔
Define the term 'دائرۂ قیدِ جھان' in your own words.

(۳)

۱۔ اُردو یا انگریزی میں اس قطعے کے بنیادی خیال پر روشنی ڈالیے۔
Explain in Urdu or English the central idea of this 'Quita'.

۲۔ 'کفچۂ گدائی' اِس ترکیب کی اُردو یا انگریزی میں وضاحت کیجیے۔
Explain the term 'کفچۂ گدائی' in Urdu or English.

سرسری مطالعه

۱- طبیبِ وظیفه شناس

در عهدِ یکی از خلفای عباسی پزشکی بود که خلیفه بحذاقتِ او اعتمادِ کامل داشت ، لیکن بیمناك بود که مبادا او را با پادشاهانِ دیگر رابطه باشد و بتحریكِ آنها در پیِ هلاكِ او بر آید- برای اینکه از چنین اندیشه ای فارغ شود خواست او را امتحان کند-

روزی وی را بخلوت خواند و گفت مرا دشمنی است که نمی خواهم آشکارا بقتلش برسانم- داروئی کُشنده بساز و بیاور تا باو بخورانم- طبیب گفت این از من بر نمی آید- روزی که من شغلِ طبابت را بر گُزیدم تصور نمی کردم جز دوای سودمند از من بخواهند- برین جهت دواهای مضر نیاموخته ام- اگر خلیفه جز آن خواهد اجازه دهد که بروم و بیاموزم- خلیفه گفت این بطول می انجامد- خلاصه هر قدر خلیفه اصرار کرد از طبیب همان پاسخِ نخستین شنید- ناچار بحبسِ او فرمان داد-

طبیب یك سال در زندان ماند و در آن مدت بمطالعهٔ کتب، خود را مشغول میداشت و از حبس شکایت نمی کرد- پس از یك سال خلیفه گفت او را حاضر ساختند و مال بسیار با شمشیر مقابلِ او نهادند- آنگاه گفت آنچه از تو خواسته ام امری است که صلاحِ مملکت در آنست و مرا از آن چاره نیست- اگر فرمانِ مرا اطاعت کنی این مال و چندین برابر از آنِ تو خواهد بود وگرنه می فرمایم با این تیغ گردنت را بزنند- طبیب بر آنچه نخست پاسخ داده بود کلمه ای نیفزود- خلیفه گفت ترا خواهم کشت- گفت بآنچه خدا خواسته باشد راضیم-

خلیفه در این تبسم کرد و باو گفت دل خوش دار که آنچه تاکنون کرده ام برای آزمائشِ تو بود- من از کید پادشاهان بیمناکم و می خواستم بر تو اعتماد داشته باشم و از دانشِ تو با خاطری آسوده بهره مند شوم- طبیب خلیفه را سپاس گفت- خلیفه گفت اکنون بگوی چه چیز ترا بر آن داشت که از خشم و تهدیدِ من نترسیدی و فرمانِ مرا اطاعت نکردی؟ طبیب گفت : دو چیز، یکی دینِ من که حکم می کند بادشمنان نکوئی کنم تاچه رسد بدوستان- و دیگر صنعتِ من که برای نفعِ مردم و حفظِ جانِ آنها بوجود آمده است- و ما طبیبان را قانونی ست که چون بخواهیم بکسی اجازهٔ معالجهٔ امراض دهیم نخست از او پیمان می گیریم که صنعتِ خود را در آزارِ مردم بکار نبرد و داروی کشنده نسازد و بکس نیاموزد- و من نتوانستم بر خلافِ دین و پیمانِ خود رفتار کنم- خلیفه چون این بشنید او را بنواخت و محلِّ اعتمادِ خود قرار داد-

فرہنگ (Glossary)

حذاقت	مہارت، ہوشیاری	Skill
آشکارا	ظاہری طور پر	Openly
بطول	دیر سے، تاخیر سے	Length of time, lately
صلاح	مصلحت	Goodness
کید	مکر، چال	Betrayal, treason
بھرہ مند	فائدہ حاصل کرنے والا	Beneficiary
تھدید	دھمکی	Threat, warning
صنعت	فن، ہنر	Art, craft
محلِّ اعتماد	بھروسے کے قابل	Trustworthy

پرسش / Exercise

۱۔ خلیفہ کے خوف میں مبتلا ہونے کا سبب تحریر کیجیے۔ Write the reason of Caliph's anxiety.

۲۔ خلیفہ نے طبیب سے جو تقاضا کیا ہے، اسے لکھیے۔ Write the demand of Caliph from the doctor.

۳۔ طبیب نے بادشاہ کو جو جواب دیا، وہ لکھیے۔ Write the answer given by the doctor to the Caliph.

۴۔ طبیب کو جیل میں ڈالنے کا سبب لکھیے۔ Write the reason behind the imprisonment of the doctor.

۵۔ اس سبق سے ہمیں جو پیغام ملتا ہے، اسے تحریر کیجیے۔ Write the message taught by this story.

۲- در صفتِ علم

علم بالست مرغِ جانت را | بر سپهر او برد روانت را
علم دل را بجای جان باشد | سرِ بی علم بدگمان باشد
دلِ بی علم چشمِ بی نورست | مردِ نادان ز مردمی دورست
مبر از پای علم و دانش پی | تا بقیوم در رسی و بحی
نیست آبِ حیات جز دانش | نیست بابِ نجات جز دانش
هر که این آب خورد باقی ماند | چشمِ او در جمالِ ساقی ماند
مددِ روح کن بدانش و دین | تا شوی همنشینِ روحِ امین
نور علمست و علم پرتوِ عقل | روشنست این سخن چه حاجتِ نقل؟
علم داری مشو براهِ ذلیل | علم بس راه را چراغ و دلیل
چون چراغ و دلیل و پرسیدن | هست ، در شب چراست ترسیدن؟
علم نورست و جهل تاریکی | علم راهت برد بباریکی
در پی کشف این و آن رفتن | جز بدانش کجا توان رفتن؟
علمِ خود را مکن زعقل اجدا | تا بدانی که کیست عقل و خدا
تن بدانش سرشته باید کرد | دل بدانش فرشته باید کرد
تنِ بی روح چیست ؟ مُشتی گرد | روحِ بی علم چیست ؟ بادی سرد
جهل خوابست و علم بیداری | زان نهانی و زین پدیداری
چون بعلمش یقین درست شود | در عمل نامدار و چُست شود

(اوحدیؔ)

فرهنگ (Glossary)

سپهر	آسمان، فلک	Sky
دانش	علم	Knowledge
پَرتَو	عکس	Shadow
حاجت	ضرورت	Necessity
کشف	تفتیش کرنا، تلاش کرنا	Discovery, detection

سرِشتن	ملانا، گوندھنا	To mix, mingle
مُشتی	ایک مٹھی	Fistful
نہانی	پوشیدہ	Hidden
پدیدار	ظاہر	Open
مردمی	مروّت، انسانیت	Humanity
روحِ امین	حضرت جبریلؑ	Name of an angle, Gabriel

Exercise / پرسش

۱۔ اس نظم کے پیش نظر علم و دانش کے تعلق سے اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔

Write your opinion about importance of knowledge and education in the light of this poem.

۲۔ نظم میں علم کو جن چیزوں سے تشبیہہ دی گئی ہے، بیان کیجیے۔

Write the importance and comparison of education through this poem.

۳۔ ہمیں علم سے دور نہیں جانا چاہیے، وجہ لکھیے۔

'Why should we not go away from education?' Give reason.

۱- اعداد

1. Numbers

خیلی kheili, بسیار besyar, يك yak, يکی yaki, دیگر digar, دیگری digari, چند chand, چندی chandi. How to express time? How to express age?

Cardinal		Ordinal			
يك	yak, yek	يکم	yokom, yekom	۱	1
دو	do	دوم	dovvam; دويم doyyam	۲	2
سه	se	سوم	sevvom; سيم seyyom	۳	3
چهار	chahar	چهارم	chaharom	٤	4
پنج	panj	پنجم	panjom	۵	5
شش	shesh	ششم	sheshom	٦	6
هفت	haft	هفتم	haftom	۷	7
هشت	hasht	هشتم	hashtom	۸	8
نه	noh	نهم	nohom	۹	9
ده	dah	دهم	dahom	۱۰	10
یازده	yazdah	یازدهم	yazdahom	۱۱	11
دوازده	davazdah	دوازدهم	davazdahom	۱۲	12
سیزده	sizdah	سیزدهم	sizdahom	۱۳	13
چهارده	chahardah	چهاردهم	chahardahom	۱٤	14
پانزده	panzdah	پانزدهم	panzdahom	۱۵	15
شانزده	shanzdah	شانزدهم	shanzdahom	۱٦	16
هفده	hevdah	هفدهم	hevdahom	۱۷	17
هیجده	hijdah	هیجدهم	hijdahom	۱۸	18
نوزده	nuzdah	نوزدهم	nuzdahom	۱۹	19
بیست	bist	بیستم	bistom	۲۰	20
بیست و يك	bist o yak, yek	بیست و يکم	bist o yakom	۲۱	21
بیست و دو	bist o do	بیست و دوم	bist v duvvam	۲۲	22

Cardinal		Ordinal			
